سوال

(431)جس امام کے اہل خانہ بے پردہ ہوں اس کی اقتدا کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

شیخ الحدیث مولانا حافظ ثناء ا صاحب...!!ایک حافظ قرآن امامت کرواتا ہے اس کی بیوی،ماں، ہمشیرگان وغیرہ پردہ نہیں کرتیں،ایسے حافظ،واعظ کوامام بنانااوراس کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام صاحب کوچاہیے کہ مشارُالیہ عورتوں کوپردے کی تلقین کرتے رہیں۔ اس طرح اُن کا فرض ادا ہو جائے گا، اوراُن کی امامت بھی درست ہوگی۔ لیکن اگر وہ اپنے فرض کی ادائیگی میں کوتاہی کرتے رہیں، توگناہ میں وہ بھی شریک سمجھے جائیں گے اورایسے امام سے واقعتاً نفرت کا اظہار ہونا چاہیے۔ حالات کے پیشِ نظر اُسے معزول بھی کیا جا سکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:376

محدث فتویٰ